# الحاد کی حقیقت

انسٹرکٹر: شیخ خاور رشید بٹ حفظہ اللہ

# الحاد پھیلنے کے اسباب

(1)ابتدا اہم سولہویں صدی کے آخر سے کر سکتے ہیں جب کلیسا کے مظالم کے خلاف قرون وسطیٰ میں تحریکیں اٹھیں، پروٹسٹنٹ معرض وجود میں آئے، خانہ جنگی ہوئی، عوام مذہب سے بیزار ہونے لگے

(2)اہل مذاہب کی جانب سے وجود باری تعالیٰ پر اب تک سب سے بڑی دلیل کائنات کی تخلیق تھی لیکن چارلس ڈارون نے نظریہ ارتقادے کر ملحدین کو ایک دلیل تھمادی جس پر وہ اِتراتے پھرتے ہیں

(3) کیپٹل ازم یعنی سرمایہ دارانہ نظام،

(4) نفسانی خواہش

(5)عالم اسلام کا ٹوٹنا:

(6)منطق، فلسفے اور سائنس سے شدید ترین مرعوبیت

(7) مغربی مصنّفین کی فلسفیانہ اور سائنسی درسی کتب

# الحاد پھیلنے کے اسباب

(8)الحاد کا پرچار کرنے والے ادارے۔
(9) ملحد اساتذہ۔
(10) مذہبی طبقے سے نفرت۔
(11)ذہنی ناپختگی۔
(12) بے لگام مطالعہ، یعنی اپنی عقل کو حرفِ آخر سمجھ کر بغیر کسی استاد کے مطالعہ کرتے چلے جانا۔
(13) مناسب راہنمائی کا فقدان۔
(14) والدین کا بچوں کی مناسب تربیت نہ کرنا۔
(15) سوشل میڈیا۔
(16) ذاتی حادثہ۔
(17) الحاد سے متاثر لوگوں سے میل جول۔
(18) معاشی مجبوریاں ۔
(19) عصری اور مذہبی علم کا بُعد

# روک تھام کیسے ؟

- 1 حکومت کو چاہیے کہ سیکولرازم کے تمام اسالیب کی روک تھام کرے۔
- علمائے دین کا کام ہے کہ نام نہاد متجددین کا علمی محاکمہ کریں۔
- مدارس، کالجز اور یونیورسٹیوں میں لبرل ازم اور الحاد کے نقصانات پر سیمینار کروا کر طلبہ و طالبات کی ذہن سازی کی جائے۔
- مدارس کے نصاب میں علماء کے لیے ایسے کورس شامل کیے جائیں جن میں اسلام کو درپیش مسائل کا حل ہو۔
- علماء و مشائخ کو مختلف زبانیں سیکھنی چاہئیں تاکہ ملحدین کو ان کی زبان ہی میں جواب دیا جاسکے۔
- وزارتِ تعلیم اپنا کردار ادا کرے اور ہر ایسے نصاب کو ختم کرے جس کے نتیجے میں الحاد پھیل رہا ہے نیز اساتذہ پر بھی کڑی نظر رکھے اور اسلامی ذہن کے اساتذہ مقرر کیے جائیں۔
- جو نوجوان شکوک و شبہات میں مبتلا ہیں ان کی مناسب راہنمائی کی جائے۔

# روک تھام کیسے ؟

- ایسا نوجوان اگر اپنے وسوسے کا اظہار کرے تو اس کو ڈانٹنے کی بجائے حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے عمدہ اسلوب سے جواب دیں، اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو کسی ماہر کی طرف اس کی راہنمائی کر دیں۔
- اسلام کی صحیح تصویر پیش کی جائے کیوں کہ عموماً شکوک وشبہات اسلام کی غلط تعبیر کے نتیجے ہی میں سامنے آتے ہیں، مثلاً اسلامی نظریہ جہاد ہی کو لے لیں، غیر مسلموں نے اس کی جو صورت متعارف کروا کر دہشت گردی کا لیبل لگا دیا ہے، وہ تو قطعاً اسلامی نہیں۔ لوگوں کے سامنے اس کی صحیح شکل لائی جائے تا کہ پروپیگنڈے کا مقابلہ کیا جا سکے۔
- اسلام کی بنیاد یعنی قرآن وسنت کو مضبوطی سے تھام لیا جائے۔
- الحاد کی مبلغ ویب سائٹس اور بلاگز پر مکمل پابندی عائد کر دی جائے۔